روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 29 دسمبر 2008ء ہجری 29 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 292

نیکی کی جزا

حضرت مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا معراج کے سفر میں مجھ پر 50 نمازیں فرض کی گئیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں کم کر کے 5 کر دیا اور فرمایا کہ میں نے بندوں پر اپنا فرض بھی عائد کر دیا اور ان سے تخفیف بھی کر دی کیونکہ میں ہر نیکی کی جزا دس گنا دیتا ہوں۔ (یعنی پانچ نمازوں کا اجر 50 کے برابر ہوگا)

(صحیح بخاری کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکہ حدیث نمبر:2968)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں سچ کہتا ہوں اور اپنے تجربہ سے کہتا ہوں کہ کوئی حقیقی نیکی کرنے والا اور خدا تعالیٰ کی رضا کو پانے والا نہیں ٹھہر سکتا اور ان انعام و برکات اور معارف اور حقائق اور کشوف سے بہرہ ور نہیں ہو سکتا۔ جو اعلیٰ درجہ کے تزکیہ نفس پر ملتے ہیں جب تک کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی اتباع میں کھویا نہ جائے اور اس کا ثبوت خود خدا تعالیٰ کے کلام سے ملتا ہے.......... (ملفوظات جلد اول ص 132)

ہمارا یہی عقیدہ ہے کہ نجات اس کے فضل سے ملتی ہے اور اسی کا فضل ہے جو اعمال صالحہ کی توفیق دی جاتی ہے اور خدا تعالیٰ کا فضل دعا سے حاصل ہوتا ہے لیکن وہ دعا جو اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے وہ بھی انسان کے اپنے اختیار میں نہیں ہوتی۔ انسان کا ذاتی اختیار نہیں کہ وہ دعا کے تمام لوازمات اور شرائط محویت توکل تبتل سوز و گداز وغیرہ کو خود بخود مہیا کرے جب اس قسم کی دعا کی توفیق کسی کو ملتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کی جاذب ہو کر ان تمام شرائط اور لوازم کو حاصل کرتی ہے جو اعمال صالحہ کی روح ہیں ہمارا نجات کے متعلق یہی مذہب ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 388)

نجات کی کنجی تو خدا کے ہاتھ میں ہے وہی جس کے لئے چاہے اس کے دروازے کھول دے خدا تعالیٰ بار بار یہی فرماتا ہے کہ رسول کی پیروی کرو اگر ایک باغ ہو اور اس میں لاکھوں پھل ہوں مگر جب تک باغبان اجازت نہ دے تو کوئی اس میں سے ایک پھل بھی نہیں کھا سکتا۔ اسی طرح بازاروں میں کئی قسم کی اشیاء ہوتی ہے اور ہزاروں ہوتی ہیں۔ مگر مالک کی اجازت کے بغیر کوئی نہیں لے سکتا۔ اسی طرح خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو حاصل کرنے کا یہی ایک طریق ہے۔ (ملفوظات جلد دوم ص 519)

نجات کے متعلق جو عقیدہ قرآن شریف سے مستنبط ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ نجات نہ تو صوم سے ہے نہ صلوٰۃ سے نہ زکوٰۃ سے اور صدقات سے بلکہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل پر منحصر ہے جس کو دعا حاصل کرتی ہے اسی لئے اھدنا الصراط المستقیم کی دعا سب سے اول تعلیم فرمائی ہے کیونکہ جب یہ دعا قبول ہو جاتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے جس سے اعمال صالحہ کی توفیق ملتی ہے کیونکہ جب انسان کی دعا جو سچے دل اور خلوص نیت سے ہو قبول ہوتی ہے تو پھر نیکی اور اس کے شرائط ساتھ خود ہی مرتب ہو جاتے ہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 288)

نجات نہ قوم پر منحصر ہے نہ مال پر بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل پر موقوف ہے اور اس کو اعمال صالحہ اور آنحضرت ﷺ کا کامل اتباع اور دعائیں جذب کرتی ہیں۔ (ملفوظات جلد چہارم 445)

ریسرچ کے میدان میں آگے بڑھیں

۞ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 19 دسمبر 2008ء بمقام بیت الفتوح لندن میں احمدی طلباء کو ریسرچ کے میدان میں آگے بڑھنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:۔

”میں احمدی طلباء سے کچھ سالوں سے یہ کہہ رہا ہوں کہ ہر قسم کی ریسرچ کے میدان میں آگے آئیں۔ یہ میدان بڑی تیزی سے ان ملکوں میں خالی ہو رہا ہے اور دنیا کو اس کی ضرورت بھی ہے اس سے ترقی یافتہ ملکوں میں احمدیوں کے پاؤں بھی جمیں گے اور جو دوسرے ملکوں سے آئے ہوئے ہیں ان کے اور یہاں کے جو احمدی جو ہیں ان کو تو خیر کرنا چاہئے اور اپنے ملکوں کی ترقی میں بھی اس ریسرچ کی وجہ سے وہ اہم کردار ادا کر سکیں گے۔

(مرسلہ: نظارت تعلیم)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

گلشن احمد نرسری میں تازہ ورائٹی

۞ گلاب انگلش کٹ کی تازہ ورائٹی خوبصورت رنگوں میں گلشن احمد نرسری میں دستیاب ہے۔ اپنے باغیچوں کو خوبصورت پھولوں سے سجانے کے لئے تشریف لائیں۔ شادی، آمین اور دیگر تقاریب وغیرہ کے مواقع پر تازہ پھولوں کے سٹیج وغیرہ کی خوبصورت سجاوٹ کے لئے نرسری تشریف لائیں اور پہلے سے تیار کئے گئے سٹیج کی تصاویر دیکھ کر اپنی پسند کے مطابق اپنا آرڈر بک کروائیں۔ موسم سرما کی موسمی پنیریوں، پھولوں کی ورائٹی پینزی، پٹونیا، گیندا، ایسیم، سٹاک، نسٹریشیم وغیرہ دستیاب ہیں۔

(انچارج گلشن احمد نرسری ربوہ)

مکرم امتیاز احمد امیر ضلع

ضلع خوشاب میں خلافت جوبلی پروگرام

خوشاب شہر

الحمد للہ خوشاب شہر میں ابتدائے سال خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی سے ہی شکرانے کی غرض سے ہر جمعہ کو نماز تہجد باجماعت ادا کی جاتی رہی۔ 16 مارچ 2008ء کو جماعت احمدیہ 2TDA ضلع خوشاب میں خوشاب کا ضلعی سطح پر جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد کیا گیا۔ جس میں تقریباً 20 سے زائد احباب جماعت احمدیہ خوشاب شہر کی طرف سے حاضر ہوئے جن میں 4 نومبائعین اور 9 مہمان (غیر از جماعت) بھی شامل تھے۔ اس کے علاوہ ہر مہینے میں جماعتی سطح پر کم از کم ایک جلسہ سیرت النبیؐ منعقد کرنے کی توفیق ملی نیز لجنہ کی طرف سے خواتین کا بھی کم از کم ایک جلسہ ہر مہینے اس سال میں ہوتا رہا۔

27 مئی کے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ قابل ذکر خاص واقعہ یہ ہوا کہ نماز تہجد کے مقررہ وقت سے تقریباً آدھا گھنٹہ پہلے شدید بارش برسنا شروع ہوگئی اور اتنی شدت والی بارش تھی کہ بیت الذکر سے چند گز کے فاصلے سے بھی آنا مشکل لگ رہا تھا۔ لیکن الحمد للہ احباب جماعت کا خلافت کے ساتھ محبت کا یہ عالم تھا کہ بعض گھر تقریباً ایک کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں لیکن سب کی حاضری تھی اور تقریباً 100% حاضری تھی اور بیت الذکر میں احباب بمشکل سما رہے تھے اور عورتیں، مرد اور بچے سب شامل ہوئے۔ فجر کے بعد محترم محمد لقمان صاحب مربی ضلع خوشاب نے خلافت کے موضوع پر درس دیا اور اجتماعی دعا ہوئی۔

27 مئی سے پہلے والی رات کو بھی اور اس دن کے اختتام پر آنے والی رات کو بھی گھروں میں چراغاں کیا گیا اور ان دونوں راتوں کو بارش بھی ہوئی۔

دن شروع ہونے کے بعد اجتماعی اور انفرادی صدقہ جات دیئے گئے اور شیرینیاں تقسیم کی گئیں۔

خلافت جوبلی والے دن ایم ٹی اے کی نشریات شروع ہونے سے پہلے احباب جماعت اور غیر از جماعت مہمانوں کو کھانا دیا گیا۔

خوشاب شہر میں بجلی کے جانے کے پیش نظر دو عدد جنریٹرز کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔

تمام احباب جماعت نے پروگرام اور خصوصاً حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب کو بڑی سنجیدگی سے سنا اور دیکھا اور اسی طرح مہمان حضرات نے بھی۔

خاص طور پر اس تاریخی موقعہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو تاریخی عہد احباب جماعت سے لیا اس موقع پر اور دعا کرتے وقت احباب جماعت کے جذبات قابل ذکر تھے اور رقت وگریہ کا ماحول تھا اور اس بات نے جو چند مہمان تھے ان پر بھی بہت اچھا اثر چھوڑا۔

پروگرام کے دوران چائے اور مٹھائی کا انتظام کیا گیا حضرت صاحب نے دعا کروائی تو اس کے بعد نماز مغرب اور عشاء جمع کی گئیں اور پھر اس دن کے اجتماعی پروگرام انجام پذیر ہوئے۔

مورخہ 28 مئی کو مقامی سطح پر جلسہ یوم خلافت منایا گیا اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔

چک نمبر 2TDA

26 مئی کی شام کو بیت الذکر اور مربی ہاؤس اور اس کے علاوہ گاؤں کے دو اور بھی گھروں کی چھتوں پر لائٹنگ کی گئی جو کہ 28 مئی کی صبح تک رہی۔

27 مئی کو نماز تہجد باجماعت ادا کی گئی۔ نماز کے بعد قرآن کریم اور خلافت کے موضوع پر مکرم سرفراز احمد باجوہ صاحب مربی سلسلہ نے درس دیا اور پھر اجتماعی دعا کی گئی اور پھر احباب نے حسب توفیق صدقات دیئے۔ ایک چیز جس نے کہ غیر از جماعت کی توجہ کو بھی کھینچا وہ خلافت جوبلی کے بیج تھے جو کہ بچوں اور بڑوں نے اپنے کپڑوں پر لگا رکھے تھے جو کہ ایک صاحب ربوہ سے لائے تھے۔ دوپہر پونے ایک بجے ظہر عصر کی نمازیں ادا کی گئیں اور پھر ایم ٹی اے کی Live نشریات میں شامل ہوگئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب بہت توجہ سے سنا گیا پھر احباب میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

احمد آباد جنوبی

27 مئی 2008ء کے دن کا آغاز نماز تہجد باجماعت کے ساتھ ہوا۔ نماز فجر کے بعد خلافت کی ضرورت اہمیت اور برکات کے عنوان پر درس ہوا اور پھر اجتماعی دعا ہوئی۔ اس کے بعد تمام احباب جماعت نے بیت الذکر میں ہی تلاوت کی۔ اجتماعی طور پر بھی اور انفرادی بھی احباب جماعت نے صدقہ جات دیئے۔ اس کے بعد سارے گاؤں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

تقریباً 10 بجے صبح جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ تقاریر ہوئیں۔ حاضری 100% تھی 35 مہمانوں نے شرکت کی بعد میں کھانا کھایا گیا اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ بعدہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب سب نے سنا۔

متفرق جماعتیں

ضلع خوشاب کی جماعتوں ڈیرہ احمد دین، پیلو وینس ڈیرہ شیر مست ڈیرہ بوستان حافظ، ڈیرہ رستم، ڈیرہ زاہد خیل ڈیرہ جہان، ڈیرہ وارث میں:۔

27 مئی کا آغاز اجتماعی نماز تہجد سے کیا گیا اور اس کے بعد خلافت کے موضوع پر درس دیا گیا۔ پھر اس کے بعد اجتماعی دعا ہوئی۔ دوپہر کو حضور انور کا خطاب سننے کے لئے تمام احباب اور خواتین جمع ہوئے اور حضور کا خطاب سنا اور اس کے بعد شیرینی تقسیم کی گئی۔ اگلے روز سب جماعتوں میں جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ اس میں تمام احباب وخواتین شامل تھے۔ دعا کے ساتھ اس جلسے کا اختتام ہوا۔ بعض جماعتوں میں قربانی بھی کی گئی۔

فضل عمر فاؤنڈیشن کے صدران وسیکرٹریان

صدران

1۔ حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب
(یکم جنوری 1966ء تا یکم ستمبر 1985ء)

2۔ مکرم چوہدری حمید نصر اللہ خان صاحب
(یکم اکتوبر 1985ء تا حال)

نائب صدران

1۔ محترم کرنل (ر) محمد عطاء اللہ صاحب
(یکم جنوری 1966ء تا 3 دسمبر 1977ء)

2۔ محترم سید محمد احمد صاحب
(یکم جنوری 1978ء تا 31 دسمبر 1986ء)

3۔ محترم مودود احمد خان صاحب
(یکم جنوری 1987ء تا 24 فروری 1988ء)

4۔ محترم چوہدری ظہور احمد باجوہ صاحب
(25 فروری 1988ء تا 31 دسمبر 1997ء)

5۔ محترم چوہدری اللہ بخش صادق صاحب
(یکم جنوری 1998ء تا 31 دسمبر 2000ء)

6۔ محترم سید عبد الحئی صاحب
(یکم جنوری 2000ء تا حال)

سیکرٹریان

1۔ محترم شیخ مبارک احمد صاحب
(20 مارچ 1966ء تا 30 اکتوبر 1971ء)

2۔ محترم بریگیڈیئر اقبال احمد شمیم صاحب
(یکم نومبر 1971ء تا 16 مئی 1990ء)

3۔ محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب
(17 مئی 1990ء تا 17 جولائی 1992ء)

4۔ محترم ناصر احمد شمس صاحب
(18 جولائی 1992ء تا حال)

☆☆☆☆☆☆

مکرم نذیر احمد سانول صاحب معلم وقف جدید

168 مراد ضلع بہاولنگر کے خلافت جوبلی پروگرام

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ 168 مراد ضلع بہاولنگر نے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے سال میں درج ذیل پروگرام کرنے کی توفیق پائی۔

مورخہ 26 مئی کو 17/افراد نے 3 گھنٹے تک بیت الذکر اور گلیوں میں صفائی کیلئے وقار عمل کیا۔ اسی دن نفلی روزہ بھی رکھا گیا۔

مورخہ 27 مئی کو اجتماعی نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد خلافت کے موضوع پر درس دیا گیا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو خط لکھا گیا۔ ایک بکرا قربان کیا گیا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب بیت الذکر میں سب احباب نے اکٹھے ہوکر سنا۔ 124/افراد نے شرکت کی۔ ایک دلچسپ واقعہ یہ ہوا کہ دو چھوٹے چھوٹے بچے آپس میں بسکٹ کھانے میں مصروف تھے مگر عہد کرنے کیلئے جب کھڑے ہونے کا ارشاد فرمایا تو یہ دونوں بچے بھی اپنی تمام باتیں چھوڑ کر ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوگئے۔

اسی دن خاکسار کی بیٹی ثمینہ تکریم اور قانتہ مظفر بنت مکرم رانا مظفر احمد صاحب کی تقریب آمین بھی ہوئی۔ ان سے قرآن کا کچھ حصہ سنا گیا اور دعا کے بعد شیرینی تقسیم کی گئی۔

اسی دن اجتماعی کھانے کا پروگرام بھی ہوا۔ مکرم رانا طارق محمود صاحب نے اپنے دو بچوں کا عقیقہ کر کے تمام احباب کو کھانے کی دعوت دی۔ غرباء میں صدقات بھی تقسیم کئے گئے۔

جماعت احمدیہ 168 مراد میں 34 کمانے والے افراد ہیں جن میں 27 نظام وصیت میں شامل ہو چکے ہیں اس طرح 50 فیصد کا ٹارگٹ بھی خدا کے فضل سے پورا ہو چکا ہے۔

مورخہ 24 فروری کو جلسہ یوم مصلح موعود منعقد کیا گیا۔ تلاوت ونظم کے بعد خاکسار اور مکرم رانا مبارک احمد صاحب صدر جماعت نے تقاریر کیں۔ کل حاضری 66/افراد تھی۔

مورخہ 28 مارچ کو جلسہ یوم مسیح موعود منعقد ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد خاکسار، مکرم رانا محمد انور صاحب اور مکرم رانا محسن محمود صاحب نے تقاریر کیں۔ 68/افراد نے شرکت کی۔

مورخہ 25 اپریل کو جلسہ سیرۃ النبی ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ تلاوت ونظم کے بعد خاکسار، مکرم ظہیر الدین بابر صاحب مربی سلسلہ دعوت الی اللہ اور صدر صاحب جماعت نے تقاریر کیں۔ 73/افراد شامل ہوئے۔

اللہ تعالیٰ سب کو خلافت سے بے پناہ محبت عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم نعیم احمد نیر صاحب ناظم رپورٹنگ جلسہ سالانہ

صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی کے مبارک سال میں منعقدہ

جماعت احمدیہ جرمنی کا 33 واں جلسہ سالانہ نزول رحمت کے نظاروں کے ساتھ روحانی ماحول میں، اپنی شاندار روایات کے ساتھ مئی مارکیٹ من ہائیم میں منعقد ہوا

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بنفس نفیس شرکت، روح پرور، جمالی اور جلالی خطابات

چالیس اقوام عالم سے 37ہزار سے زائد ، روحانی جذبہ سے مخمور مسیح موعود کے پروانوں کی شمولیت

جماعت احمدیہ جرمنی کا 33 واں جلسہ سالانہ مورخہ 22/اگست تا 24/اگست 2008ء کو جرمنی کے شہر ''من ہائیم'' کے علاقہ مئی مارکیٹ میں نزول رحمت کے نظاروں کے ساتھ، محبت کے سائے میں، تکبیر کے پُر جوش نعروں کو فضاؤں میں بکھیرتا، حمد کے گیت گاتا، روحانی ماحول میں اپنی شاندار روایات کے ساتھ منعقد ہوا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بنفس نفیس اس جلسہ سالانہ میں شرکت فرما کر اسے رونق بخشی اور اپنے روح پرور زندگی بخش، جمالی اور جلالی خطابات سے سامعین کے دلوں کو جذبہ کی ایک نئی روح پھونک دی۔

مئی مارکیٹ کا بڑا ہال آٹھ ہزار مربع میٹر پر مشتمل ہے اس کے علاوہ ایک سوانتیس چھوٹے بڑے خیمہ جات جن میں لجنہ کے لئے دو عدد بڑے خیمے بھی شامل ہیں، 11 دن میں 4400 خدام نے وقار عمل کے ذریعہ نصب کئے۔ مزید سات سو سے زائد پرائیویٹ خیمہ جات جو جلسہ گاہ کے اندر مخصوص کی گئی جگہ میں دور دور سے آئے ہوئے مہمانان جلسہ نے نصب کئے ہوئے تھے۔ پر مشتمل یہ روشن میدان جس کا رقبہ ایک لاکھ پچیس ہزار مربع میٹر ہے، جنگل میں منگل کا ساماں پیدا کر رہا تھا۔ ہوٹلوں میں بھی کثرت سے مہمان ٹھہرے ہوئے تھے' جہاں سے جلسہ گاہ تک لانے اور لے جانے کا انتظام تھا۔ اس کے علاوہ بسیں شہر کے بڑے سٹیشن سے مئی مارکیٹ کے گیٹ کے سامنے تک وقفے وقفے سے چلتی رہیں اور مہمانوں کو سہولت بہم پہنچاتی رہیں۔ جلسہ سالانہ کے دوسرے دن ایک بڑا بینر جس پر 100 Jahre Ahmadiyya Khilafat لکھا ہوا تھا طیارے کے ذریعہ کئی گھنٹے تک سارے شہر پر لہرایا گیا۔

دعوت الی اللہ ہال میں مختلف اقوام کے 1000 مہمان افراد کے ساتھ مختلف موضوعات پر میٹنگز ہوتی رہیں اور یہ سلسلہ تینوں دن جاری رہا۔

جلسہ کے دوران 2800 خواتین اور 3100 مرد کارکنان نے دن رات محنت سے حضرت مسیح موعود کے مہمانوں کی خدمت کی۔

اس جلسہ میں 37 ہزار سے زائد مرد و خواتین و بچوں نے شرکت کی اور حضرت خلیفۃ المسیح کی نصائح سنیں، آپ کے دیدار سے آنکھیں ٹھنڈی کیں نیز عبادات و ذکر الٰہی میں وقت گزارا اور اس روحانی مائدہ سے فائدہ اٹھایا۔ MTA نے کارروائی کو جلسہ گاہ سے براہ راست نشر کر کے تمام دنیا کو اس روحانی ماحول اور روح پرور نظاروں میں شامل کر لیا۔

مورخہ 21/اگست

مورخہ 21/اگست بروز جمعرات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز شام کو جلسہ گاہ میں رونق افروز ہوئے۔ آپ نے جلسہ سالانہ کے نائب افسران اور بعض ناظمین کو شرف مصافحہ سے نوازا نیز انتظامات جلسہ کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نمائش، لنگر خانہ، سٹور، بازار MTA پرائیویٹ خیمہ جات لجنہ جلسہ گاہ تشریف لے گئے۔ آپ نے سائیکل سواروں کی اس ٹیم کو بھی شرف مصافحہ عطا فرمایا جو 65 کلومیٹر کا فاصلہ طے کر کے جلسہ گاہ پہنچے تھے۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مردانہ جلسہ گاہ میں تشریف لے گئے اور ناظمین کو شرف مصافحہ عطا کرنے کے بعد تمام کارکنان سے خطاب فرمایا اور اپنی قیمتی نصائح سے نوازا۔ دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز دیگیں دھونے والی مشین کے معائنہ کیلئے تشریف لے گئے جس کے بعد 1500 کارکنان و کارکنات کے ساتھ بڑے کھانے میں شرکت فرمائی۔

مورخہ 22 اگست

اس دن حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز فجر مئی مارکیٹ کے بڑے ہال میں پڑھائی اور بوقت دوپہر ایک بج کر پچپن منٹ پر آپ نے لوائے احمدیت لہرایا۔ جس کے بعد خطبہ جمعہ سے جماعت احمدیہ جرمنی کے 33 ویں جلسہ سالانہ کا افتتاح فرمایا۔

آپ نے خطبہ جمعہ میں جلسہ کے مقاصد کو حضرت مسیح موعود کی تحریرات کی روشنی میں بیان فرمایا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آخر پر فرمایا ''پس مرد عورتیں سب یہ ذہن میں رکھیں کہ خلافت کے انعام سے فیضیاب ہونے کیلئے اللہ تعالیٰ کا حقیقی عابد بننا اور اس کے احکامات کی پیروی کرنا ضروری ہے۔

اجلاس اول

مورخہ 22/اگست کو (جلسہ سالانہ کے پہلے دن کے) اجلاس اول کی کارروائی زیر صدارت محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ پاکستان شام پانچ بجے تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی۔ نظم کے بعد پہلی تقریر محترم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ پاکستان نے منصب خلافت کے موضوع پر کی۔ اس کے بعد مکرم مصور احمد صاحب نے نظم پڑھی۔ مکرم مولانا محمد الیاس منیر صاحب مربی سلسلہ جرمنی نے اپنی تقریر میں خلفائے احمدیت کی قبولیت دعا کے واقعات بیان فرمائے۔

شام کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مختلف ممالک سے آنے والے وفود کے ساتھ عشائیہ میں شرکت فرمائی۔ واپس اپنی رہائش گاہ تشریف لے جاتے ہوئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ فرمایا اور ہدایات سے نوازا۔ رات نو بجے مردانہ جلسہ گاہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

مورخہ 23/اگست

بروز ہفتہ بھی دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا جس میں کثیر تعداد میں احباب شامل ہوئے۔ نماز فجر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پڑھائی۔ آرام، سیر اور ناشتہ کے وقفہ کے بعد آج کے پہلے اجلاس کی کارروائی 10 بجے محترم چوہدری مبارک مصلح الدین صاحب وکیل التعلیم کی زیر صدارت شروع ہوئی۔ تلاوت، ترجمہ اور نظم کے بعد آج کی پہلی تقریر ''خلفائے راشدین، سیرت و کارنامے'' کے موضوع پر مکرم مولانا شاہد احمد بٹ صاحب مربی سلسلہ البانیہ نے کی۔ آج کی دوسری تقریر مکرم ڈاکٹر عبدالغفار صاحب مربی سلسلہ جرمنی نے ''خلافت احمدیہ کے مخالف تحریکات اور ان کا انجام'' کے موضوع پر کی۔

اس کے بعد پروگرام کے مطابق ہمسایہ ممالک سے آئے ہوئے نمائندگان کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا گیا۔ سب سے پہلے مکرم عمر احمد صاحب سیکرٹری دعوت الی اللہ فرانس نے اپنے خیالات کا اظہار کیا جس کا اردو ترجمہ مکرم نصیر احمد شاہد صاحب نے پیش کیا اس کے بعد مکرم Tom Ahmad Sravwaert سیکرٹری امور خارجہ بیلجیئم نے ایک تقریر کی جس کا اردو ترجمہ مکرم نعیم احمد شاہین صاحب نے پیش کیا۔ اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ گاہ مستورات میں خواتین کے جلسہ سے خطاب فرمایا۔ جو مردانہ جلسہ گاہ میں بھی براہ راست نشر کیا گیا۔ کھانے اور نمازوں کے وقفہ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بعد دوپہر مردانہ جلسہ گاہ میں تقریباً 700 غیر از جماعت مہمانوں سے خطاب فرمایا۔ آج کے دوسرے اجلاس کی کارروائی زیر صدارت محترم شیخ مظفر احمد صاحب امیر جماعت ہائے احمدیہ فیصل آباد 5 بجکر 55 منٹ پر شروع ہوئی۔ تلاوت، ترجمہ اور نظم کے بعد محترم مولانا حیدر علی ظفر صاحب مربی انچارج جرمنی نے نظام نو اور وصیت کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد محترم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی نے نظام خلافت اور ہماری ذمہ داریاں کے موضوع پر تقریر کی۔

مورخہ 24 اگست

آج بھی دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر حضور انور نے پڑھائی۔ ناشتے اور آرام کے وقفے کے بعد آج کے اول اجلاس کی کارروائی 10 بجے شروع ہوئی۔

اجلاس اول

آج صبح 10 بجے اجلاس اول کی کارروائی زیر صدارت محترم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب نیشنل امیر جماعت احمدیہ جرمنی شروع ہوئی۔ تلاوت و ترجمہ اور نظم کے بعد اجلاس اول کی پہلی تقریر محترم شمشاد احمد قمر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ جرمنی نے اردو میں کی جس کا موضوع تھا "خلافئے احمدیت اور جماعت کا باہمی تعلق"۔ گیارہ بجے محترم مسعود احمد خان صاحب دہلوی سابق مدیر الفضل ربوہ نے خلفائے احمدیت کے سفر کے حالات بیان کئے۔ آپ کو ان سفروں میں ساتھ جانے کی سعادت نصیب ہوئی تھی۔

اس کے بعد ساڑھے گیارہ بجے ہمسایہ ممالک کے نمائندگان کو تقاریر کرنے کا موقعہ دیا گیا۔ سب سے پہلے مکرم افضل احمد پاشا صاحب نے پولینڈ کی نمائندگی میں تقریر کی اور وہاں کی جماعت کے حالات اختصار کے ساتھ بتائے۔ پھر مکرم عبدالحمید صاحب نے ہالینڈ کی نمائندگی میں تقریر کی۔ پھر امیر صاحب جماعت احمدیہ سوئٹزرلینڈ نے تقریر کی۔ اس کے بعد ایک جرمن نظم پیش کی گئی۔ بارہ بجے مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب نے تقریر بعنوان "عالمی فیضان خلافت" جرمن میں کی جس کا ساتھ ساتھ رواں ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔ 12:40 پر تقریر ختم ہوئی پھر کچھ اعلانات کے بعد اجلاس اول کی کارروائی اپنے اختتام کو پہنچی اور وقفہ ہوا۔

آخری اجلاس

وقفہ کے بعد اجلاس دوم کی کارروائی شروع ہوئی جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا "آخری فتح مسیح موعود کے غلاموں کی ہے، انشاءاللہ"۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ یہ جلسہ ہمارے لئے برکت کا موجب بنائے اور اس کے شیریں پھل ہم سارا سال کھاتے رہیں۔

(ماہنامہ اخبار احمدیہ جرمنی اگست و ستمبر 2008ء)

یورینیم کی دریافت

1789ء میں ایک جرمن سائنسدان مارٹن کلاپروتھ (1743ء تا 1817ء) نے نیا کیمیائی عنصر دریافت کیا جس کا نام یورینیم رکھا گیا۔ تاہم مارٹن کو اس کے خواص کا زیادہ علم نہیں تھا۔ غالباً 1938ء سے قبل کوئی نہیں جانتا تھا کہ یہ عنصر ایٹمی توانائی پیدا کرنے کے سلسلے میں کتنا اہم ہے۔

مکرم نصیر احمد کھرل صاحب

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نواب شاہ کا ذکر خیر

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب مرحوم امیر ضلع نواب شاہ سے اس عاجز کا تعلق 2004ء سے تھا۔ جب خاکسار جماعت احمدیہ دوڑ ضلع نواب شاہ میں بطور مربی سلسلہ آیا اور پھر 2007ء سے محمود ہال نواب شاہ میں خدمت کی توفیق پا رہا ہے۔ اس طرح محترم امیر صاحب سے خاکسار کی روزانہ ملاقات ہوتی تھی اور محترم امیر صاحب کی یہ خوبی تھی کہ وہ ہر جماعتی کام میں ضرور دو چار دوستوں سے مشورہ کر لیا کرتے تھے خاکسار بھی ان افراد میں شامل ہوتا تھا اور محترم امیر صاحب جب ضلع کا دورہ کرتے تو خاکسار کو ضرور اپنے ساتھ لے جایا کرتے تھے۔

محترم امیر صاحب کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔ خاکسار نے محترم امیر صاحب کو نہایت سادہ، شفیق، غرباء کا خیال رکھنے والا، دوسروں کی تکلیف کا احساس کرتے ہوئے اسے دور کرنے والا پایا اور مہمان نوازی تو آپ میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔

محترم امیر صاحب واقفین زندگی کے ساتھ بہت عزت و احترام سے پیش آتے تھے اور ان کی ضروریات کا خیال رکھا کرتے تھے۔ ضلع بھر کے مربیان کرام اور معلمین کرام کو جب بھی کوئی مشکل پیش آئی تو وہ محترم امیر صاحب کو بتایا کرتے تھے اور محترم امیر صاحب ایک مہربان باپ کی طرح ان کی ضروریات کو پورا کیا کرتے تھے اور اس کے بعد آپ کو سکون ملتا تھا۔

محترم امیر صاحب بہت مہمان نواز اور غرباء کا خیال رکھا کرتے تھے۔ ایک میٹنگ کا واقعہ ہے کہ تقریباً 40 کے قریب مہمان آنے تھے اور جو کھانے کا انتظام کیا جا رہا تھا وہ تقریباً 100 افراد کے لئے تھا۔ جب خاکسار نے کہا کہ امیر صاحب تھوڑے پیسوں میں انتظام ہو سکتا تھا اور خرچ بھی بچ جاتا۔ تو آپ نے فرمانے لگے مربی صاحب بعض ہمارے احمدی غریب بھائی ہیں اس طرح ان کے گھروں میں کھانے بھیج دیتے ہیں اور وہ بھی اچھا کھانا کھا لیتے ہیں۔ اس انداز سے آپ غرباء کی مہمان نوازی کر کے ان کا خیال رکھتے۔

ایک دفعہ ربوہ سے دو مرکزی مہمان نواب شاہ تشریف لائے تو محترم امیر صاحب اور آپ کے ساتھ خاکسار اور دوسرے دوست بھی ان کو سٹیشن پر چھوڑنے گئے۔ ٹرین لیٹ تھی اور محترم امیر صاحب کی طبیعت بھی ناساز تھی۔ مہمانان گرامی محترم امیر صاحب کو کہتے رہے کہ آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے آپ گھر چلے جائیں اور جا کر آرام کریں جب گاڑی آئے گی ہم چلے جائیں گے۔ امیر صاحب کہتے کہ نہیں میں ٹھیک ہوں اور ابھی ٹرین آ جائے گی۔ مہمانوں کے اصرار کے باوجود آپ گھر نہ گئے اور سٹیشن پر گاڑی کا انتظار کرتے رہے اور ٹرین لیٹ ہوتے ہوتے صبح 4 بجے آئی یاد رہے کہ ٹرین کا وقت پانچ بجے شام تھا۔ ساری رات مہمانوں کے ساتھ ٹرین کے انتظار میں گزاری۔

محترم امیر صاحب میں بہت انکساری پائی جاتی تھی۔ آپ کی دکان کے ساتھ آپ کی ایک اور چھوٹی سی دکان بھی ہے جس میں آپ اکثر جماعتی کام کیا کرتے تھے اور جو جماعت کے دوست آپ سے ملنے آتے آپ وہاں ان کو بٹھاتے تھے۔ محترم امیر صاحب مہمان کو کرسی پیش کرتے اور خود بینچ کے اوپر بیٹھ جاتے اور مہمان کے اصرار پر بھی آپ بینچ سے نہ اٹھتے اور مہمان کی خاطر تواضع کرتے۔

محترم امیر صاحب کو مطالعہ کا بہت شوق تھا اور آپ کا مطالعہ بہت وسیع تھا اسی طرح آپ کو ادب سے بھی بہت دلچسپی تھی۔ درثمین، کلام محمود، کلام طاہر اور دیگر احمدی شعراء کے آپ کو بے شمار شعر یاد تھے اور آپ ان کو موقع محل پر سنایا بھی کرتے تھے۔ احمدی شعراء کے علاوہ دوسرے شعراء کے شعر بھی آپ کو یاد تھے۔

محترم امیر صاحب شہادت سے چند روز قبل یہ شعر اکثر سنایا کرتے تھے اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جایا کرتے تھے۔ وہ شعر یہ ہے۔

عدل کریں تے تھر تھر کمبن اچیاں شاناں والے
فضل کریں تے بخشے جاوں میرے جے منہ کالے

محمود ہال کے خادم کو کسی وجہ سے آپ نے فارغ کرنے کا ارادہ کیا اور خاکسار کو ایک چٹھی لکھی کہ اسے میری طرف سے فارغ کر دیں۔ میں نے خادم بیت کو سمجھایا کہ امیر صاحب سے معذرت کر لو امیر صاحب بہت شفیق ہیں وہ معاف کر دیں گے۔ نماز عشاء پر جب امیر صاحب آئے تو خادم بیت نے معذرت کی اور میں نے بھی محترم امیر صاحب سے درخواست کی کہ اسے معاف کر دیں۔ تو محترم امیر صاحب نے اسے نہ صرف معاف کیا بلکہ ازراہ شفقت اس کی -/500 روپے تنخواہ میں بھی اضافہ کر دیا۔

محترم امیر صاحب نے اپنی ایک خواب کا ذکر کیا اور فرمانے لگے کہ مجھے ایک خواب آئی ہے اور اس میں مجھے انگریزی میں بتایا گیا ہے کہ Change the life تو اس کے معنے کیا ہیں۔ میں نے کہا امیر صاحب اپنی زندگی میں تبدیلی لائیں یا آپ کی زندگی میں تبدیلی آنے والی ہے۔

محترم ڈاکٹر عبدالمنان صاحب صدیقی کی المناک شہادت پر آپ بہت افسردہ تھے لیکن آپ ہمیں حوصلہ دیتے ہوئے کہتے کہ اس سے گھبرانا نہیں چاہئے یہ ہماری زندگیوں کا حصہ ہیں۔ آپ ڈاکٹر صاحب کی شہادت کے حوالے سے فرمانے لگے کہ اگر کسی آدمی کو ایک مہینہ کا کام دیا جائے اور وہ اسے ایک ہفتہ میں مکمل کر لے فرمایا یہی حال ڈاکٹر صاحب کا ہے کہ انہوں نے اپنا کام ایسے ہی مکمل کیا ہے اور بڑی تیزی سے کیا ہے۔

محترم امیر صاحب کی شہادت کا واقعہ خاکسار زندگی بھر نہیں بھول سکتا۔ نماز عصر کے بعد خاکسار مکرم محمد اشفاق صاحب اور مرزا ناصر احمد صاحب انسپکٹر تحریک جدید محمود ہال میں بیٹھے امیر صاحب کی حفاظت کے متعلق ہی باتیں کر رہے تھے۔ کہ اچانک دھماکہ ہوا۔ تو ہم اسی وقت باہر نکلے تو ہمارے پیارے امیر صاحب منہ کے بل زمین پر گرے ہوئے تھے اور جب آپ کو سیدھا کیا تو وہ منظر یہ تھا کہ آپ کے ماتھے، ناک، سینے سے خون بہہ رہا تھا اور آپ کے کپڑے سارے خون سے بھر چکے تھے اور ہم امیر صاحب کو بلاتے آواز دیتے تو آپ آنکھیں کھول کر دیکھتے اور پھر بند کر لیتے اور محترم محمد اشفاق صاحب نے اپنی گود میں امیر صاحب کا سر رکھ لیا اور نیچے زمین پر بیٹھ گئے اور پھر ہم لوگوں کو مدد کے لئے پکارتے رہے ایک شخص کے سوا کوئی نہ آیا۔

گھبراہٹ ہو رہی تھی کہ ہسپتال پہنچنے میں دیر نہ ہو جائے۔ خاکسار نے پولیس کو فون کرنے کی کوشش کی لیکن رابطہ نہ ہو سکا۔ پھر امیر صاحب کے بیٹے کو فون کرنے کی کوشش کی ان کا فون بند تھا۔ پھر خاکسار دوڑ کر محترم امیر صاحب کے گھر گیا لیکن وہاں پر بھی کوئی مرد موجود نہ تھا۔ اتنے میں امیر صاحب کے بڑے بیٹے محمد ادریس صاحب آ گئے اور ایک رکشہ بھی آ گیا۔ ہم محترم امیر صاحب کو اٹھا کر رکشہ کے ذریعہ ہسپتال کی طرف روانہ ہو گئے راستے میں ایمبولینس آ گئی اور پھر بذریعہ ایمبولینس محترم امیر صاحب کو ہسپتال پہنچایا گیا اور پھر وہاں تقریباً ایک گھنٹہ زندگی اور موت کی کشمکش رہی اور پھر اللہ تعالیٰ کی تقدیر غالب آئی اور ہمارے پیارے اور شفیق امیر صاحب ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ امیر صاحب کے نقش قدم پر چلنے والے وجود جماعت میں اور ان کے خاندان میں پیدا کرتا چلا جائے۔

دنیا بھی اک سرا ہے بچھڑے گا جو ملا ہے
گر سو برس رہا ہے آخر کو پھر جدا ہے

☆......☆......☆

مکرم آرکیٹیکٹ بشیر الدین کمال صاحب

ڈیڑھ یا پونے دو مرلہ جگہ پر مکان کا نقشہ

سادہ، چپس اور ٹائلز والے فرش کو بہتر اور پائیدار کس طرح بنایا جا سکتا ہے؟

گھر کا ایک نقشہ پونے دو مرلہ جگہ پر تیار کیا گیا ہے۔ اس میں دیکھنے والی بات یہ ہے کہ اس تھوڑی سی جگہ کو کس سلیقے سے استعمال کر کے زیادہ سے زیادہ مناسب سائز کی رہائش دی گئی ہے۔ پہلی منزل پر دو رہائشی کمرے ہیں جن کا سائز مناسب ہے۔ ایک باورچی خانہ دو غسل خانے۔ سیڑھیاں اور ایک خوبصورت صحن دیا گیا ہے۔ جس میں ایک متوسط فیملی بڑے اچھے طریقہ سے گزارہ کر سکتی ہے۔ اس نقشہ میں دو طرف گلی ہے جبکہ دو طرف مکانات ہیں۔ مکانات کی طرف سے حالات کے پیش نظر خالی جگہ چھوڑنی ناممکن ہے۔ اس لئے اس طرف کھڑکیاں وغیرہ نہیں دے سکتے۔

ہر منزل ایک متوسط فیملی کا گھر ہے۔ اس لئے ہر منزل کو ایک گھر تصور کیا جا سکتا ہے۔ جبکہ دو منزلوں کو ملا کر بھی ایک اچھا بڑا گھر بن سکتا ہے۔ یعنی پہلی منزل پر ڈرائنگ روم اور ٹی وی لاؤنج اور کچن باتھ اور دوسری منزل پر دو بیڈ رومز باتھ اور کچن کے اوپر سٹور اور بالکونی بطور صحن کے استعمال ہو گی۔ جبکہ پہلی منزل پر بھی صحن ہوگا۔ ایک منزل میں ایک گھر اور دوسری منزل میں دوسرا گھر اور تیسری منزل میں تیسرا گھر ہو سکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

اس نقشہ میں تین منزلہ عمارات دکھائی گئی ہے۔ جبکہ یہ ایک سے زائد منزلہ بھی ہو سکتی ہے صحیح اور بہتر نقشہ بنانے میں جو فوائد ہو سکتے ہیں وہ اس نقشہ سے عیاں ہیں۔

نقشہ کے مطابق یہ مکان روشن اور ہوادار بھی ہے۔ جو کہ بہت ضروری ہوتا ہے۔ ایسے لوگ جن کے پاس جگہ کم ہو اور روپیہ کم ہو انہیں ضرور ایک تجربہ کار اور کوالیفائڈ آرکیٹیکٹ کے پاس رجوع کرنا چاہئے تا کہ آپ کے روپیہ کا صحیح مصرف ہو اور گھر بھی آپ کو اچھا اور آرام دہ مل سکے اور لاگت بھی کم آئے۔ اگر زیادہ روپیہ خرچ کرنے کے بعد بھی اچھا اور آرام دہ گھر میسر نہ آ سکے تو پھر سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں ملتا۔

یاد رکھئے اچھا نقشہ اچھا مکان۔ کیونکہ کسی بھی گھر یا عمارت کی عمدگی کی بنیاد اس کے اچھے یا برے نقشہ کے ہونے پر منحصر ہے اور سب سے بڑھ کر بچت بھی۔ لہٰذا ایک سمجھدار آدمی مکان یا کوئی عمارت تعمیر کرنے سے پہلے ایک اچھا اور بہتر نقشہ بنوانے کو ترجیح دے گا اور نقشہ کی اہمیت کو سمجھے گا۔ اتنے بڑے بڑے منصوبے بہتر نقشہ اور ڈیزائن تیار کرنے کے بعد ہی ملتے ہیں۔ ایک اچھا آرکیٹیکٹ بہتر نقشہ تیار کر کے مالک کی لاگت بھی کم کر سکتا ہے جبکہ اپنی فیس بھی اسی بچت سے حاصل کرتا ہے۔

پائیدار فرش

فرش کے لئے مندرجہ ذیل امور کو مدنظر رکھنا ہوگا تا کہ آپ کو اچھا اور پائیدار فرش مل سکے۔

فرش ڈالنے سے پہلے مطلوبہ سطح تک مٹی کی بھرائی کی جاتی ہے۔ پھر مٹی کو اچھی طرح کوٹ کر ہموار کر لیتے ہیں۔ مٹی کو اچھی طرح کوٹنا بہت ضروری ہے۔ اگر مٹی کو صحیح طریقہ سے اچھی طرح کوٹا نہ گیا ہو تو فرش کے کسی جگہ سے بیٹھنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اگر ٹائلز وغیرہ لگی ہوئی ہوں تو فرش کے بیٹھنے سے ٹوٹ جاتی ہیں اور بعض دفعہ فرش پھٹ بھی جاتا ہے۔ اگر علاقے میں دیمک کا امکان ہو تو کیمیائی ادویات کا چھڑکاؤ کیا جائے۔ عام طور پر فرش کی دو تہیں ہوتی ہیں۔ نیچے والی تہہ میں سیمنٹ کم استعمال کیا جاتا ہے جبکہ اوپر والی تہہ میں سیمنٹ کی مقدار زیادہ ہوتی ہے کیونکہ یہی تہہ وزن اٹھاتی ہے اور اس کی سطح رگڑ اور دیگر اثرات کو برداشت کرتی ہے۔ فرش سادہ۔ چپس ٹائلز یا ماربل ٹائلز کا بنایا جاتا ہے۔ عام گھریلو فرش میں (1 : 4 : 8) یا (1:6:12) کی 4 انچ موٹی تہ ڈال کر اس پر ڈھائی انچ سے 4 موٹائی کی دوسری تہہ (1:2:4) کنکریٹ کی ڈالتے ہیں۔ اگر نمی کا امکان ہو تو پہلی تہہ ڈالنے سے قبل ڈیڑھ سے چار انچ تک روڑی کی تہہ یا ریت بھی ڈال سکتے ہیں۔

سیمنٹ کے فرش کی سطح ہموار کرنے کے لئے کنکریٹ ڈالنے کے فوراً بعد خشک سیمنٹ بکھیر کر اس پر لوہے کے گرمالے سے سطح ہموار کر لیتے ہیں۔ خوبصورتی کے لئے اس میں رنگ بھی ملایا جا سکتا ہے۔

فرش کی اوپر کی تہہ میں دراڑیں (Cracks) روکنے کے لئے اس کو تقریباً 24 مربع فٹ سے 36 مربع فٹ کے برابر مستطیل یا مربع ٹکڑوں میں ڈالا جاتا ہے جس کے جوڑوں پر شیشے کی پٹی استعمال کی جا سکتی ہے۔ برابر کے چوکور ایک دن چھوڑ کر ڈالنے سے

تین منزلہ مکان کا نقشہ



تعمیر شدہ مکان



بھی مقصد حل ہوسکتا ہے۔ فرش کا لیول ضروری ہے۔

لیول کرنے سے پہلے دیوار پر لیول کا نشان لگایا جاتا ہے اور فرش ڈالتے وقت 10 فٹ لمبا لکڑی کا گز اور 10 انچ کا بینڈ لیول ضرور استعمال کرنا چاہئے۔ کمروں میں تقریباً 1:64 کا ڈھال بنایا جاتا ہے غسل خانہ و باورچی خانہ کا فرش کمرے کے فرش سے تقریباً آدھا انچ نیچے رکھا جاتا ہے۔

چپس کا فرش

چپس کا فرش عام اور سادہ فرش کے مقابلہ میں زیادہ صاف خوش نما مضبوط لیکن مہنگا ہوتا ہے اور اس کا رواج زیادہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس فرش کے لئے فرش کی دوسری تہہ ڈالتے وقت شیشے، ماربل یا کسی دھات مثلاً ایلومینیم، پیتل کی پٹیاں کسی خوش نما ڈیزائن میں اس طرح لگائی جاتی ہیں کہ وہ سطح سے چپس کے فرش کی موٹائی کے برابر اوپر نکلی رہیں۔ پٹیوں کا ایک لیول پر ہونا بہت ضروری ہے۔ چپس کے فرش کی موٹائی کا دارومدار اس کے دانے کے سائز پر ہوتا ہے۔ درمیانہ سائز کے دانے کے لئے 3/4 انچ تہہ کافی ہوتی ہے۔ جس کے لئے ڈیڑھ انچ چوڑی شیشے کی پٹی درکار ہوتی ہے۔ نچلی تہہ (1:3:6) یا (1:4:8) کی ڈالی جاسکتی ہے۔

چپس کے دانے اس طرح چنیں کہ چھوٹے بڑے ہوں۔ تھوڑا سا سفید ماربل پاؤڈر ملانے سے فرش کا رنگ ہلکا ہو جاتا ہے اور کام میں بھی آسانی رہتی ہے۔ سیمنٹ ایک حصہ۔ ماربل پاؤڈر آدھا حصہ اور چپس کے دانے دو حصہ ملا کر مناسب آمیزہ تیار ہو جاتا ہے۔ اس میں حسب منشاء رنگ ملائیں۔ یہ آمیزہ فرش کے لئے درکار مکمل مقدار میں خشک تیار کیا جائے اور حسب منشاء پانی ملا کر استعمال کریں ورنہ رنگ میں فرق پڑنے کا امکان ہے۔ رنگ دار فرش کے لئے سفید سیمنٹ استعمال کرنا چاہئے۔ چپس کے فرش کے ساتھ دیواروں پر 4 انچ سے 6 انچ کی سکرٹنگ (Skirting) دی جاتی ہے تاکہ فرش صاف کرتے وقت دیواریں خراب نہ ہوں اور خوبصورتی بھی ہو۔ فرش ڈالنے سے تیسرے یا چوتھے روز موٹے رگڑنے کے پتھر سے ریت ڈال کے پانی کے ساتھ رگڑائی کی جاتی ہے تاکہ فالتو مال نکل آئے۔ پہلی رگڑائی کے بعد فرش کو دھو کر سارے سوراخ وغیرہ فرش والے آمیزہ سے مرمت کریں۔ اس کے پانچ دن بعد دوسری رگڑائی کی جائے۔ اور پہلے کی طرح مرمت لگائی جائے۔ تیسری اور آخری رگڑائی کے بعد فرش کو گرم پانی سے دھو کر پالش کر دیا جائے۔ پالش سے پہلے اگسالک ایسڈ (Oxalicacid) کا پاؤڈر پانی میں ملا کر فرش پر ملنے سے سطح زیادہ چمکدار ہو جاتی ہے۔

ٹائلز کا فرش

چمکدار سرامک ٹائلز یا مشین کے بنے ہوئے ٹائلز یا ماربل ٹائلز مختلف سائز اور رنگ کے ملتے ہیں۔ فرش پر ٹائلز لگانے کے لئے ایک حصہ چونا اور تین حصہ ریت کا مسالہ تقریباً تین یا چار انچ موٹی تہہ پر یکساں اور حسب منشاء ڈھال میں ڈالا جاتا ہے۔ جس پر ایک حصہ سیمنٹ اور دو حصہ ریت کا پتلا مسالا (Slurry) ڈال کر ٹائلز کو لکڑی کے ہتھوڑے اور گز کی مدد سے لگایا جاتا ہے۔ ٹائلز کے درمیان تقریباً 1/16 انچ کا جوڑ سیدھی لائن میں رکھا جاتا ہے اور ٹائل لگانے کے 24 گھنٹے بعد سیمنٹ اور رنگ ملا کر جوڑوں میں کسی ٹاٹ یا برش کی مدد سے بھر دیا جاتا ہے۔ ٹائلز جلدی سیٹ کرنے کے لئے چونے کی بجائے 1:3:6 کی کنکریٹ پر نیرو لگا کر بھی فرش پر ٹائل لگائے جاسکتے ہیں۔ ٹائل لگانے کے بعد اس پر سیٹ ہونے تک وزن نہ ڈالا جائے۔ اگر موزیک ٹائلز استعمال کئے جائیں تو سات دن بعد رگڑائی کی جائے۔ آخری رگڑائی کے بعد پالش کر دیں۔

دیوار پر ٹائلز لگانے سے پہلے لیول میں پلستر کر کے کھردار کر دیا جائے۔ پھر 1:2 یا 1:3 کی نسبت سے سیمنٹ اور ریت کا مسالہ ٹائل کے پیچھے اور دیوار پر لگا کر ٹائل سیدھی لائنوں میں ٹھونک کر لیول میں لگائی جائیں۔ بعد میں اس کے جوڑوں میں سفید یا رنگ ملا ہوا سیمنٹ کسی ٹاٹ یا برش کی مدد سے بھر دیا جائے۔

ماربل ٹائلز سیٹ ہونے کے بعد اس کی رگڑائی کا وہی عمل اختیار کرنا ہو گا جو چپس کے فرش کے لئے اختیار کیا جاتا ہے۔

دنیا کی بڑی افواج

ان میں باقاعدہ اور محفوظ افواج شامل ہیں

1	چین	30 لاکھ 55 ہزار فوجی
2	روس	29 لاکھ 35 ہزار
3	امریکہ	28 لاکھ 48 ہزار
4	بھارت	24 لاکھ 80 ہزار
5	شمالی کوریا	15 لاکھ 70 ہزار
6	جنوبی کوریا	11 لاکھ 50 ہزار
7	پاکستان	11 لاکھ 28 ہزار
8	ایران	8 لاکھ 95 ہزار
9	ترکی	8 لاکھ 92 ہزار
10	ویت نام	7 لاکھ 84 ہزار
11	مصر	7 لاکھ 4 ہزار
12	اسرائیل	6 لاکھ

(سنڈے ایکسپریس 26 اکتوبر 2008ء)

ن۔ ظ۔ ڈاکٹر

میری پیاری بہن نمود سحر رفعت کا ذکر خیر

میری پیاری بہن نمود سحر رفعت، ماں باپ کی جان، بھائیوں کی لاڈلی، بہنوں کی آنکھوں کا تارا، طارق کی پُرخلوص اور جاں نثار ساتھی، تین معصوم بچوں کی پیاری ماں 28 اگست 2008ء کو بچے کی پیدائش کے 12 گھنٹے بعد اپنے رب کے حضور حاضر ہو گئی۔

بچپن ہی سے بہت دعا گو، اپنے رب سے سچا تعلق رکھنے والی، اللہ تعالیٰ کی ذات پر غیر متزلزل یقین اور توکل رکھنے والی، حساس، علم دوست، کبھی نٹ کھٹ شرارتی کبھی زود رنج، جماعت، خلفائے سلسلہ اور خاندان حضرت مسیح موعود سے والہانہ عشق رکھتی تھی۔

شادی سے پہلے راولپنڈی جماعت کی بہترین مقررہ اور خوش الحان قاری، تعلیمی اور تربیتی پروگراموں کی جان، اجتماع ہو یا تربیتی پروگرام اس کی شمولیت کے بغیر مکمل نہ تھے۔

شادی کے بعد 8 سال کے قلیل عرصہ میں گجرات جماعت کو اپنے ہنس مکھ، پُرخلوص، خوش گفتار مزاج اور اپنی علم و قابلیت اور قائدانہ صلاحیتوں سے گرویدہ بنالیا تھا۔ بزرگ ہوں یا نوعمر خواتین اس کی مداح تھیں۔ اس کی شخصیت کا ایک رنگ بزرگ خواتین سے دوستی کرنا، ان کی صحبت میں بیٹھنا اور دعائیں لینا تھا۔ ہماری والدہ کی بیماری کے ایام اس نے بہت خدمت کر کے گزارے۔

ذکر الٰہی اس کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ اٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، بچوں کی تربیت کرتے وہ دعائیں پڑھتی جاتی۔ اپنے بچوں کو اس نے بہت جذبہ کے ساتھ وقف نو کی بابرکت تحریک میں پیش کیا۔ ان کی تعلیم و تربیت کا خاص اہتمام کرتی کہ بہترین انسان خدا کے دین کے لئے پیش کروں۔

جماعت سے محبت کا اظہار اور قرآن کریم کے علم کی خوشبو اس کی گفتگو سے آتی تھی۔ کسی کو تسلی دینی ہو، کسی کا غم بٹانا ہو، کسی کی خوشی میں شامل ہونا ہو، وہ اپنی گفتگو سے دوسروں کو اسیر کر لیتی تھی۔ میری زندگی کے بہت سے مشکل مرحلے اس کی دعاؤں اور تسلیوں سے سر ہوئے۔ کبھی بھی میرے دل و دماغ پر بوجھ ہوتا میں اس سے بات کرتی، ایسے خوبصورت الفاظ میں تسلی دیتی کہ میں پُرسکون ہو جاتی۔ اپنی پریشانی اور اپنا دکھ ہمیشہ خدا سے شیئر کرتی ہمیشہ کہا کرتی، آپی! میں نے خدا سے جو مانگا اس نے دیا، میرا خدا مجھے کبھی مایوس نہیں کرتا۔

بچے کی پیدائش سے ایک دن پہلے ڈاکٹر نے بتایا کہ نمود سحر مجھے تو الٹرا ساؤنڈ پر بیٹی معلوم ہوتی ہے تم تیسری بیٹی کی پیدائش پر حوصلہ رکھنا۔ پندرہ بیس مریضوں کی موجودگی میں اس نے کہا کہ ڈاکٹر صاحبہ آپ کا علم غلط ہوسکتا ہے، میرا اللہ غلط نہیں ہوسکتا۔ اس نے مجھ سے بیٹے کا وعدہ کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحبہ نے مجھے بعد میں بتایا کہ میں اس کا یقین اور توکل دیکھ کر خاموش ہو گئی لیکن میرا 20 سال کا تجربہ غلط نہیں ہوسکتا تھا۔ جب نمود سحر کا آپریشن ہوا تو میں ہسپتال میں موجود تھی۔ ایک عجیب معجزہ ہوا۔ ڈاکٹر صاحبہ کا بیان ہے کہ آپریشن کے ذریعہ جب پیدائش ہوئی تو میں حیران ہوئی کہ بیٹی بیٹا کیسے بن گیا۔ میں نے پوچھا نمود سحر میرا علم سچا کہ اللہ سچا، اس نے کہا کہ میرا اللہ ہی سچا ہوسکتا ہے۔ اس دوران آپریشن تھیٹر میں باآواز بلند ذکر الٰہی کرتی رہی۔ آپریشن سے فارغ ہو کر ڈاکٹر صاحبہ میرے گلے لگ کر زار و قطار رونے لگیں۔ یہ خوشی کے آنسو تھے۔ ڈاکٹر صاحبہ کہنے لگیں کاش یہ یقین اور توکل ہمیں بھی مل جائے۔

پورے ہسپتال میں جشن کا سماں تھا۔ میں نے پہلی مرتبہ کسی کی خوشی پر دوسروں کو خوش ہوتے دیکھا۔ کمرے میں منتقل ہونے کے بعد اس نے اپنے بہن بھائیوں سے مبارکبادیں وصول کیں۔ اسی دوران دو خواتین کمرے میں آگئیں کہ باجی ہمارے لئے دعا کریں۔ آپ اللہ والی لگتی ہیں۔ رات ایک بجے پُرسکون ہو کر سوئی اور صبح ساڑھے تین بجے اپنے رب کے حضور حاضر ہو گئی۔

اس کی اچانک وفات اس کے خاوند بچوں، ہمارے والد اور ہمارے لئے عظیم نقصان ہے۔ دل غم سے چور ہیں لیکن ہم خدا کی رضا پر راضی ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ نمود سحر کو اپنے مقربین میں جگہ دے اس کے معصوم بچوں کا خود نگران ہو جائے۔ ان کے حق میں اس کی تمام دعائیں مقبول ہو جائیں۔ اس کے خاوند کو خود صبر اور تسلی دے، ہمارے والد کو اس بڑھاپے میں یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے، ہمارے زخموں پر خود مرہم رکھے، ہماری بہن منزہ کو صحت والی لمبی زندگی دے، اس کے کمزور کندھوں پر ان بچوں کی ذمہ داری آپڑی ہے۔ مجھ پر نمود سحر کی محبتوں کا قرض ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے یہ قرض ادا کرنے کی توفیق دے۔ آمین

طویل ترین حکمرانی کا اعزاز

طویل ترین حکمرانی کا اعزاز تھائی لینڈ کے بادشاہ بھومی بول آدلیادیج (پ 5 دسمبر 1927ء) کو حاصل ہے جو 9 جون 1946ء کو اپنے بھائی آنند ماہیڈول کی وفات پر تخت نشین ہوئے۔ ان کی حکمرانی کے 57 سال پورے ہو چکے ہیں۔ ان 57 سالوں میں تقریباً 23 وزیراعظم تبدیل ہوئے۔ 16 آئین بدلے اور 17 فوجی انقلاب آئے۔ شاہ کا یوم پیدائش قومی دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 93127 میں شازیہ منصور

زوجہ منصور احمد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 121 ج۔ب ملت روڈ فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 30-10-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حصہ مکان برقبہ ڈیڑھ مرلہ (2) طلائی زیور بوزن 3 ماشے مالیتی -/5000 روپے (3) حق مہر -/18000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت ...... مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شازیہ منصور۔ گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر بشیر القمر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 راحیل احمد

مسل نمبر 93128 میں شبانہ بی بی

بنت عابد ارشد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 121 ج۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-10-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شبانہ بی بی۔ گواہ شد نمبر 1 بشیر القمر احمد احسن۔ گواہ شد نمبر 2 عتیق احمد

مسل نمبر 93129 میں آصف احمد بابر

ولد چوہدری عبدالشکور قوم آرائیں پیشہ زمیندارہ عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 121 ج۔ب گوکھووال ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 23-2-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت زمیندارہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ آصف احمد بابر۔ گواہ شد نمبر 1 عظیم اعجاز۔ گواہ شد نمبر 2 فہیم اعجاز

مسل نمبر 93130 میں طاہر احمد

ولد سعید احمد قوم آرائیں پیشہ ہومیو پیتھک پریکٹس عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لائیکپور کالونی نمبر 1 گوکھووال ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 29-10-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان برقبہ 3 مرلے واقع لائیکپور کالونی نمبر 1 مالیتی -/400000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت پریکٹس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ طاہر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 نداء الحق ندیم۔ گواہ شد نمبر 2 بشیر القمر

مسل نمبر 93131 میں طاہرہ نفیس

